# MEDICATION SAFETY AT HOME
(Patient And Caregivers Education)

## 1. ESSENTIAL CHECKS BEFORE YOU TAKE YOUR MEDICINE:

- ✓ Is this medicine really for me? Check that your name is on the label.
- ✓ Is this the correct medicine? Match it with your prescription.
- ✓ Is this the correct dose? Give or take only the exact dose written on the label or instructions.
- ✓ Is it the correct time? Take it at the time and frequency your Pharmacist set, not earlier, not later.
- ✓ Am I taking it the correct way? Check the proper route of your medicine i.e., Oral, IV.

## 2. STORAGE AND HANDLING:

- ✓ Keep medications in a cool, dry place, away from direct sunlight, children, pets, visitors.
- ✓ Keep high-alert medications separate, clearly labeled & as instructed.
- ✓ Some medicines must be stored in a refrigerator at 2–8°C. Keep them in the main refrigerator compartment.
- ✓ Check expiry date before use; segregate expired/discontinued medications & do not use.
- ✓ If a medicine is found expired/any discoloration is observed, please dispose it off as per instructions provided by eShifa home health team.
- ✓ If eShifa home health team notifies you of a medication recall, stop use immediately and follow their instructions.
- ✓ Please store sedatives/controlled medicines/narcotics in a separate cabinet or preferably with lock & key.

## 3. TAKE YOUR MEDICATIONS:

- ✓ Take medications exactly as prescribed. Never skip, double, or adjust a dose without approval from your doctor/Pharmacist.
- ✓ Never take medicine in dark, while not fully alert/awake or in hurry.

- If you miss a dose, take it as soon as you remember unless it is almost time for the next one; never double up.
- Only your home care team or a person authorized and trained by them should prepare or administer your medications.
- If you are ever unsure about any medicine, its dose, timing, side effects, or how to store it, always ask your pharmacist, or doctor before taking. Never guess.
- Please follow the medication warning labels (e.g., refrigerate, protect from light, do not freeze, shake well, keep in original container, use within.........days of opening).

## 4. REPORT TO YOUR HOME CARE STAFF IF:

- Any side effect, allergic reaction, or unexpected symptoms occur after a dose.
- Any medication error or near miss occurs, including taking the wrong medicine or dose, or taking medicine at the wrong time.
- You have confusion about which medication to take, how much, or when.

**For Further Information, eShifa Home Pharmacy**

**Contact: 0518464672, 03468553841**

**Contact Us On Drug & Poison Information Center**

**0518463977**

**drug.information@shifa.com.pk,**

**eShifa Home Care**

***Your Safety Is Our Priority***



# گھر پر ادویات کے استعمال میں حفاظت

## مریض اور نگہداشت کرنے والوں کی تعلیم

### 1. دوا لینے سے پہلے ضروری احتیاطی جانچ

- ✓ کیا یہ دوا واقعی میرے لیے ہے؟ لیبل پر اپنا نام ضرور چیک کریں۔
- ✓ کیا یہ صحیح دوا ہے؟ دوا کو اپنے نسخے سے ملا کر تصدیق کریں۔
- ✓ کیا خوراک درست ہے؟ لیبل یا ہدایات میں درج بالکل مقررہ خوراک ہی لیں یا دیں۔
- ✓ کیا دوا لینے کا وقت درست ہے؟ دوا اپنے فارماسسٹ کی ہدایت کے مطابق مقررہ وقت اور وقفے سے لیں؛ نہ پہلے اور نہ بعد میں۔
- ✓ کیا میں دوا صحیح طریقے سے لے رہا/رہی ہوں؟ دوا کے استعمال کا درست طریقہ اور راستہ (مثلاً: منہ کے ذریعے (Oral) یا وریدی (IV) وغیرہ) چیک کریں۔

### 2. ادویات کو ذخیرہ کرنے اور سنبھالنے کے اصول

- ✓ ادویات کو ٹھنڈی اور خشک جگہ پر، براہِ راست دھوپ، بچوں، پالتو جانوروں اور غیر متعلقہ افراد سے دور رکھیں۔
- ✓ ہائی الرٹ ادویات کو الگ، واضح لیبل کے ساتھ اور دی گئی ہدایات کے مطابق رکھیں۔
- ✓ کچھ ادویات کو فریج میں ۲–۸ ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت پر رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ انہیں فریج کے مرکزی حصے میں رکھیں۔
- ✓ ختم ہونے کی تاریخ چیک کریں؛ ایکسپائر شدہ یا بند کی گئی ادویات کو الگ رکھیں اور استعمال نہ کریں۔
- ✓ اگر eShifa ٹیم کسی دوا کی واپسی (Recall) کے بارے میں اطلاع دے تو فوراً اس کا استعمال بند کریں اور ان کی ہدایات پر عمل کریں۔
- ✓ سکون آور ادویات، کنٹرولڈ ادویات اور نارکوٹکس کو الگ الماری/دراز میں، ترجیحاً تالے اور چابی کے ساتھ محفوظ رکھیں۔

### 3. اپنی ادویات درست طریقے سے استعمال کریں

- ✓ دوائیں بالکل اسی طرح لیں جیسے ڈاکٹر نے تجویز کی ہیں۔ ڈاکٹر یا فارماسسٹ کی اجازت کے بغیر خوراک نہ چھوڑیں، دوگنی نہ کریں اور نہ ہی اس میں کوئی تبدیلی کریں۔
- ✓ دوا کبھی بھی اندھیرے میں، پوری طرح ہوش میں نہ ہونے کی صورت میں یا جلدی میں نہ لیں۔
- ✓ اگر آپ کی کوئی خوراک چھوٹ جائے تو یاد آتے ہی فوراً لے لیں، بشرطیکہ اگلی خوراک کا وقت قریب نہ ہو؛ کبھی بھی دوہری (ڈبل) خوراک نہ لیں۔

- ✓ ادویات کی تیاری یا انہیں دینے کی ذمہ داری صرف آپ کی ہوم کیئر ٹیم یا ان سے تربیت یافتہ اور مجاز فرد کی ہونی چاہیے۔
- ✓ اگر آپ کو کسی دوا، اس کی خوراک، وقت، سائیڈ افیکٹس یا اسے محفوظ رکھنے کے طریقے کے بارے میں شک ہو تو کوئی قدم
- ✓ اٹھانے سے پہلے ہمیشہ اپنے فارماسسٹ یا ڈاکٹر سے رجوع کریں۔
- ✓ کبھی بھی اندازے سے کام نہ لیں۔ادویات پر درج تنبیہی لیبلز پر لازمی عمل کریں (مثلاً: فریج میں رکھیں، روشنی سے بچائیں،
- ✓ فریز نہ کریں، استعمال سے پہلے اچھی طرح ہلا لیں، اصل کنٹینر میں رکھیں، یا کھولنے کے ......... دنوں کے اندر استعمال کریں)۔

## 4. مندرجہ ذیل صورتوں میں اپنی ہوم کیئر اسٹاف کو فوراً اطلاع دیں:

- ✓ دوا کی خوراک کے بعد کوئی بھی سائیڈ افیکٹ، الرجی یا غیر متوقع علامت ظاہر ہونے پر۔
- ✓ دوا کی غلطی یا غلطی سے بال بال بچنے کی صورت میں، جیسے غلط دوا، غلط خوراک، یا غلط وقت پر دوا دینا۔
- ✓ اس بات میں الجھن یا شک ہو کہ کون سی دوا لینی ہے، کتنی مقدار میں لینی ہے، یا کس وقت لینی ہے۔

**مزید معلومات کے لیے، ای شفا ہوم فارمیسی سے رابطہ کریں۔**

**رابطہ نمبر: 0518464672, 03468553841**

**ڈرگ اینڈ پوائزن انفارمیشن سنٹر سے متعلق معلومات کے مرکز پر ہم سے رابطہ کریں۔**

**0518463977**

**drug.information@shifa.com.pk,**

**ای شفاء ہوم کیئر**

**آپ کی حفاظت، ہماری ترجیح ہے۔**

